# صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

شاہِ مدینہ سرورِ عالم صلّی اللّٰہ علیہٖ وسلّم
ہادیِٔ کونین رہبرِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
خواجۂ گیتی ساقیٔ کوثر معدنِ حکمت شافعِ محشر
حُسنِ سراپا اطہرِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
حاملِ تاجِ ختمِ رسالت رونقِ بزمِ عالمِ امکاں
جلوۂ فطرت افسرِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
صاحبِ قرآں مُرسلِ خاتم افضلِ انساں نازشِ آدم
مہر درخشاں نیّرِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
جسمِ منوّر خُلقِ مکمّل رشکِ بلاغت نطقِ مُدلّل
فخرِ رسولاں دلبرِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
صبحِ بہاراں لطفِ مُجسّد مہرِ مجسم نورِ مجد
نکتۂ ایماں محورِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
جانِ دوعالم آیۂ رحمت گوہرِ یکتا بحرِ نبوّت
زینتِ کعبہ برترِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم
فانیٔ عاجز مادحِ آقا باعثِ تسکیں وجہِ شفاعت
نعتِ حبیبِ داورِ عالم صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم

جناب حافظ محمد ابراہیم فانی صاحب